I have no doubt on the capability of my dear وہ یہ ہے کہ friend, as Minister for Parliamentary Affairs. I have no doubt on the capabilities of the Minister of State for Parliamentary Affairs but is it fair on the House کہ 17 Ministries جن کے Special Assistants ہیں، those Special Assistants cannot come to the House, they are barred by the Constitution, they cannot come to this House. 17 Ministers will not be present for Calling Attention Notices, for Adjournment Motions, for Call Attentions, for Questions and Answers. جناب چیئرمین! کیا یہ پارلیمان کے ساتھ مذاق نہیں ہے۔ میں نے آپ کو point out کیا کہ 17 Ministries کی باگ ڈور ان لوگوں کے ہاتھ میں ہے کہ جو کابینہ کے ممبر نہیں ہیں، دوسرے یہ جو حلف نہیں اٹھاتے، تیسرے جو پارلیمان میں نہیں آ سکتے۔ Question of accountability نہ وہ Standing

He is already not feeling well and ۔Committees میں جا سکتے ہیں not in perfect health. He will go to 17 Standing Committees, he will give Questions and Answers of 17 Ministries in the Senate and the National Assembly. چاہے یہ کتنا بھی homework کرلیں، جو Minister In charge ہے، وہ Minister In charge ہے۔

جناب چیئرمین: وہ بڑی خوشی سے کرنا چاہتے ہیں، جب آپ نے یہ بات کی تو وہ بہت خوش ہو گئے۔

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, these are very serious issues

اس سے پارلیمنٹ redundant ہو رہی ہے، جو so called technocratic set up کی بات ہو رہی تھی، یہاں پر so called technocratic set up کو لایا جارہا ہے، یہ بات واضح ہو گئی کہ اس ملک کو جو سمت دی جا رہی ہے ، وہ جو ایوب خان کا authoritarianism کا development model بنا تھا، اسے اس سمت میں لے جانے کی کوشش کی جارہی ہے۔Presidential form of Government پر میں بعد میں بات کروں گا لیکن ایوب خان کے سسٹم میں تھا کہ اگر پارلیمان ایک Bill pass کردے تو President اس Bill کو Veto کر سکتا تھا۔ کیا ہم اس طرف گامزن ہونے کو جارہے ہیں۔ ہم پارلیمانی نظام کے علاوہ کسی اور نظام کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ یہ پاکستان کے عوام کی جدوجہد ہے۔

جناب چیئرمین: میاں رضا ربانی صاحب! آپ کا شکریہ۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد جاوید عباسی: سینیٹر میاں رضا ربانی صاحب نے جو issue raise کیا ہے، وہ بہت important issue ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: میری یہ گزارش ہے کہ اگر ہم یہ adjournment motion لے لیں۔ اس کے بعد اگر discussion کرنا چاہتے ہیں تو میں اجلاس کو چلانا چاہتا ہوں، اگر آپ جمعہ کی نماز کے بعد بھی بیٹھنا چاہتے ہیں تو آپ آ جائیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: یہ بڑا حساس اور ضروری معاملہ ہے۔

جناب چیئرمین: اس پر کسی اور دن discussion کر لیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: یہ آج شروع ہوا ہے اور بہت important معاملہ ہے، ہمیں اس کو discuss کرنے دیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ صاحب کا adjournment motion ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس پر discussion Monday کو رکھ لیتے ہیں، ٹھیک ہے۔ جی قائد ایوان صاحب۔

سینیٹر سید شبلی فراز: اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو point raise ہوا ہے، ہم سینیٹ سے request کریں گے کہ ہمیں سینیٹر میاں رضا ربانی صاحب کی speech کا verbatim دیا جائے، ہم Law Ministry کو involve کریں گے۔

Law Ministry should come and address these Constitution, related issues that Senator Mian Raza Rabbani has raised.

جناب چیئرمین: جی ٹھیک ہو گیا۔

Order No. 6, discussion on adjournment motion. We may now take up Order No.6 pertaining to discussion on the admitted adjournment motion moved by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh on 29th August, 2018 regarding the excessive use and sale of antibiotics at medical stores causing the threats to the public. Yes, Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh Sahib.

Discussion on the admitted adjournment motion moved by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh regarding the excessive use and sale of antibiotics at medical stores causing threats to the public

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب! آپ کا بہت شکریہ۔ میں سینیٹر میاں رضا ربانی صاحب کی بات پر یہ کہوں گا کہ کیا وزیر اعظم صاحب اس کا جواب دیں گے جو ابھی بات کی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: جناب وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، وہ جواب دیں گے۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب! میں وزیر صاحب کی بہت قدر کرتا ہوں۔ میری ایک گزارش ہے، کچھ facts لے لیں، میں کوئی غلط بات نہیں کروں گا، آج میں بہت control سے بات کروں گا۔

جناب چیئرمین: میاں صاحب! اس کو آپ اپنی کمیٹی میں بھی discuss کر سکتے ہیں کیونکہ آپ خود چیئرمین ہیں۔ اب شروع کریں کیونکہ وقت نہیں ہے، آپ بسم اللہ کریں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب! آپ میری گزارش سنیں کہ یہ 17th July, 2018 کی adjournment motion ہے۔ اس کو پہلے وفاقی وزیر صاحب 6 مرتبہ adjourn کرا چکے ہیں، آج ہمارے محترم اور بھائی ہیں، یہ جو کہیں گے، میں مان لوں گا۔ میں اس کو کمیٹی میں کیوں نہیں لے کر جا رہا، وہ بتانا بھی ضروری ہے، I wish کہ پورے ایوان کو پتا چلے، سارے Members دیکھیں۔ ہمارے لوگ اس وجہ سے مر رہے ہیں، ہماری قوم کی زندگی کم ہو گئی ہے، we being the legislators are sitting here اور ہم اس کو اہمیت ہی نہیں دے رہے۔ جناب! اس لیے مجھے سن لیں اور میں Rule-93 کے تحت زیادہ وقت نہیں لوں گا جو مجھے وقت دیا گیا ہے، میں اتنا ہی وقت لوں گا۔ جناب! میں اس کو پڑھ کر آیا تھا۔

جناب چیئرمین: باقی حضرات اپنے mikes بند کریں اور جنہوں نے اس پر بات کرنی ہے، وہ اپنے mikes on کریں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب! یہ بہت important matter ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ صاحب! آپ بسم اللہ کریں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب! اس وقت ملک میں excessive use of antibiotic کا بہت زیادہ threat ہے۔ جیسے دیکھا گیا کہ WHO کا survey ہے کہ تقریباً سات لاکھ لوگ پوری دنیا میں antibiotic سے سالانہ مر رہے ہیں۔ ڈاکٹر جبران نے ایک survey کیا اور اس میں کہا گیا کہ پاکستان میں حالیہ دس سے پندرہ سالوں سے ایک ایسا culture آ گیا ہے کہ جو بھی شخص بیمار ہوتا ہے، اس کی خواہش ہوتی ہے کہ میں فوراً ٹھیک ہو جاؤں۔ دوسری طرف doctors صاحبان کی بغیر تشخیص کیے یہ کوشش ہوتی ہے، ہم کسی طرح لال پیلا injection لگا کر اور گولیاں دے کر مریض کو مطمئن کر دیں جب تک کسی طرح سے کوئی authentication نہ کی جائے، دنیا میں اس طرح کا علاج possible ہی نہیں ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: میاں صاحب! ایک منٹ ٹھہر جائیں۔ جی وسیم صاحب! اشارے کر رہے ہیں، خیر تو ہے، وہ تو numbering پر چلے گی، اب discuss ہو رہی ہے، آپ اشارے نہ کریں۔

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: Sorry sir.

جناب چیئرمین: آپ continue کریں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: آپ کا بہت شکریہ۔ جناب! ہم جیسے اپنے ملک میں دیکھ رہے ہیں کہ نظام بدلنے کی بات ہو رہی ہے، قانون سازی کی بات ہو رہی ہے اور یہ ضروری ہے کہ ہم کوئی awareness programme بھی بنائیں۔ Doctors کو بھی اس طرف قانونی طور پر لے کر آئیں کہ آخر کیا وجہ ہے، اگر حالیہ چند ہفتوں میں دیکھا جائے تو کراچی میں نشوہ بچی کے بارے میں جو کہا گیا۔ اس کے ساتھ زینب بچی کا سانحہ ہوا، پنجاب میں بہت سے cases آئے۔ جناب! آخر میں یہ لکھا جاتا ہے کہ غلط injection لگانے کی وجہ سے موت واقع ہوتی ہے even so much so کہ دانت کا علاج کرانے کے لیے گئے اور وہاں پر یہ کہا گیا کہ موت واقع ہو گئی، یہ غلط injection لگانے کی وجہ سے ہوئی۔ جناب! آپ اور سارے ایوان کی توجہ دلانا چاہوں گا کہ یہ غلط injection آخر کونسا ہے اور وہ کیوں لگایا جاتا ہے اور اس کی کیا وجوہات ہیں۔

جناب! میں نے اس پر تھوڑی workingکی، کچھ ذمہ دار لوگ جو doctors اس professionسے ہیں، ہمارے ساتھ یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، اپنی کمیٹی میں بھی مشورہ کیا۔ Antibioticلگانے کا بھی ایک طریقہ ہے، اس کی باقاعدہ پہلے dose justifyکی جاتی ہے کہ کتنی doseہو اور کس ageکا مریض ہے، اس کی کیا physiqueہے، اس کا وزن کتنا ہے، اس کے مطابق لگائی جاتی ہے۔ میں نے جیسے کہا کہ آج 3^{rd} and 4^{th} generation antibiotic آ چکے ہیں اور ہمارا سب سے بڑا جو problemہے، وہ یہ ہے کہ ہمارا immune system اتنا زیادہ damageہو جاتا ہے کہ دوبارہ کبھی بھی کوئی problemہو اور اس سے زیادہ doseنہ دی جائے تو ہمارا immune system respondہی نہیں کرتا۔ اسی وجہ سے آج ہماری قوم اور ہمارے لوگوں میں جو بیماریاں ہیں، وہ بہت زیادہ prolongکر رہی ہیں۔

جناب! اب next stepآتا ہے کہ آخر یہ کیوں لگایا جاتا ہے، ٹھیک ہے کہ ایک immediate reliefچاہیے، ڈاکٹر کے لیے بھی آسانی ہے اور مریض کو بڑی خوبصورتی نظر آتی ہے کہ مجھے پیلے رنگ کا ایک injectionلگ گیا اور میں ٹھیک ہو گیا یا وہ dripمیں لگا دیا گیا اور اس سے وہ dripپیلی ہو گئی اور میں ٹھیک ہو گیا۔ اس کی ایک اور وجہ بھی ہے، یہ antibioticsہیں، ان کی قیمتیں اتنی زیادہ ہیں، معذرت سے بات کر رہا ہوں، اگر میں یہ بات نہ ہی کرتا تو اچھا تھا لیکن یہ بات کرنا ضروری ہے۔ جب میں قیمتوں کے بارے میں بات کر رہا ہوں تو اس سے بہت سے لوگوں کو پریشانی ہو رہی ہے لیکن میں اپنے ضمیر کے مطابق بات کر رہا ہوں۔ میں وزیر اعظم صاحب کا شکریہ ادا کروں گا کہ انہوں نے noticeلیا اور ان کے noticeلینے سے 388 دوائیوں کی قیمتیں کم ہو چکی ہیں اور وہ آج marketمیں سستی ہیں۔ یہ جو antibioticsہیں، ان میں سے کچھ ایسی بھی ہیں، میں نے جو identifyکیں، اگر اس کی 40 روپے قیمت ہے اس کو ساڑھے سات روپے MRPدی گئی، اب وہی وزیر اعظم صاحب نے کم کرا دیں، اب وہ آدھی سے کم قیمت پر آ گئی ہیں۔ جو دیکھنے والی بات ہے کہ آخر کیوں دنیا میں اس طرح سے یہ injectionsنہیں لگائے جاتے اور ہمارے doctorsیہ injectionsہر طرح سے لگا لیتے ہیں۔ ہم جب قانون سازی کی بات کرتے ہیں تو سینیٹر میاں رضا ربانی صاحب میرے محترم ہیں، میں

جب یہاں floor پر آیا، آج سے تقریباً 4 سال پہلے آیا تو میں جو پہلی چیز لے کر آیا، وہ health کے بارے میں ایک Bill تھا، میں amendment لے کر آیا تو کہا گیا کہ یہ ایک devolved subject ہے۔ معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ جب اس پر detail سے کام کیا گیا۔ میں قطعی طور پر یہ نہیں چاہوں گا کہ جو بھی devolved subject ہے، ہم اس میں involve ہوں لیکن یہ ضرور چاہوں گا کہ جب Federal regulation and legislation کے پاس ہے تو اس کے مطابق ہمیں اس پر legislation ضرور کرنی چاہیے۔ میں اپنے محترم وزیر صاحب سے یہ بھی کہوں گا کہ خدارا! اپنی Cabinet meeting میں اس چیز کو ضرور لے کر آئیں کیونکہ آج تک ہماری Health Regulatory Authority کہاں ہے اور ہماری وہ Federal Health Regulatory Authority کیوں اسلام آباد کی حد تک بنائی جا رہی ہے، ہم جب دوائیوں کی بات کرتے ہیں، دوائیوں کا حق ہر پاکستانی کا ہے جو پاکستانی شہریت رکھتا ہے پاکستان میں پیدا ہوا ہے، پاکستان میں رہتا ہے کہ اسے دوائی مہیا کی جائے، اگر سرکار مہیا نہیں کر سکتی تو کم از کم سرکار یہ تو adopt کر سکتی ہے کہ وہ خود جا کر یا کوئی مخیّر حضرات انہیں وہ دوائی لے کر دے دیں لیکن ابھی بھی ہمارے ہاں Health Regulatory Authority بنانے کی بات کی جا رہی ہے وہ بھی صرف اور صرف اسلام آباد کی حد تک ہے اور وہ اس لیے کیونکہ یہ devolved subject ہے۔ میں وزیر اعظم صاحب سے، اپنے وزیر صاحب سے اور اپنے ایوان سے بھی یہ کہوں گا کہ خدارا! ہمیں مل جل کر اس چیز کو دیکھنا ہے۔ بس جناب آخری بات کروں گا ایک منٹ دے دیں، آپ [***][1] طریقے سے دیکھ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: [***] expunged.

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: Sorry sir, پیار سے دیکھ رہے ہیں۔ اب اصل میں بھائی مجھے آپ جیسے الفاظ نہیں آتے نا، آپ تو شاعری میں سب کچھ کہہ جاتے ہیں۔ میں آخری جملہ کہوں گا کہ ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ ہم کس طرح سے کون سی قانون سازی کر کے نہ صرف دوائیوں کی قیمت جو کہ کم ہو رہی ہے بلکہ میں ایک بات اور کہوں گا کہ یہ بہت بڑا misconcept ہے، دوائی دوائی ہے۔ جیسے ہوائی جہاز ہوائی جہاز ہے، اگر وہ ٹھیک ہو گا تو وہ اڑے گا، ٹھیک نہیں ہو گا تو crash ہو گا، تو

[1] *"Expunged as ordered by the Chairman"."*

جناب اسی طرح دوائی ہے، جو دوائی مارکیٹ میں available ہے وہ ٹھیک ہے، یہ concept totally غلط ہے کہ کوئی دوائی اچھی ہے، کوئی خراب یا بری ہے، قطعی طور پر نہیں جناب، دوائی کا ایک specific standard ہے، اس کی efficacy اس کے مطابق ہوتی ہے، اس کے checks and balances ہیں لیکن اس کی availability کو، اس کے control and regulations کو دیکھنا ہوگا تاکہ ہر شخص کو دوائی میسر ہو۔ بہت شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: سینیٹر اورنگزیب خان صاحب آپ اس پر بات کرنا چاہتے ہیں، نہیں تو پھر ابھی مائیک چھوڑ دیں۔ سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی صاحب۔

Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: شکریہ، جناب چیئرمین! نہایت ہی اہم topic پر سینیٹر میاں عتیق صاحب یہ adjournment motion لے کر آئے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس subject کے بیشتر حصے devolve ہو چکے ہیں اور ہم Provincial Autonomy میں قطعاً مداخلت نہیں کرنا چاہتے لیکن جب Federal Government کے ہاتھ میں legislation and regulation ہو تو ہمیں اس بارے میں concern ہونا چاہیے۔ میں ایک ڈاکٹر کی حیثیت سے کہتا ہوں کہ antibiotics یقیناً ہمارے ملک میں اس حد تک misuse ہو رہے ہیں کہ ہمارے بچوں سے لے کر بڑوں تک سب کی resistance ختم ہو چکی ہے۔ اس بارے میں نہ میں concerned ہوں، نہ میری ریاست concerned ہے اور نہ ہی صوبائی حکومتیں concerned ہیں۔ تمام صوبائی حکومتوں کو regulatory authority یہ بتا دے کہ آپ اس پر legislation کریں۔ میڈیکل سٹور سے آسانی سے یہ دوائیاں حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اگر ایک دوائی اثر نہ کرے تو میڈیکل سٹورز اور آج کل کے ڈاکٹرز تین تین antibiotics تھما دیتے ہیں کہ کوئی ایک تو اپنا کام کرے گی۔ میں بخار کی بات کروں کہ اگر ایک antibiotic only for enteric fever یعنی ٹائیفائیڈ کے لیے ہوتی ہے اور ایک chest infection اور ایک throat infection کے لیے ہوتی ہے لیکن ہمارے ڈاکٹرز اسے تین antibiotics دے دیتے ہیں اور ان میں سے کسی نہ کسی نے کام کرنا ہوتا ہے اور اس کی body resistance بیٹھ جاتی ہے۔ میں بطور ڈاکٹر practice بھی کر چکا ہوں اور ایک

hospital بھی چلا چکا ہوں۔ مجھے پتا ہے کہ 40 to 60% آپ کو medical companies subsidy دیتی ہیں۔ آپ خود بتائیں کہ اگر وہ آپ کو 60% subsidy دیں گے تو 40% میں اس کی manufacturing, marketing, taxes and rest of the things کیسے cover-up ہوتے ہیں، it does mean کہ وہ medicines substandard ہوتی ہیں اور ان substandard medicines کی خاطر میرے اپنے ڈاکٹر بھائیوں کو گاڑیاں دی جاتی ہیں، ان کی families کو باقاعدہ trip پر بھیجا جاتا ہے اور companies regularly ڈاکٹروں کو مستفید کرکے اپنی low standard medicines پاکستان میں بھیجتی ہیں اور خصوصاً ان علاقوں میں جہاں پر awareness and consciousness comparatively باقی علاقوں سے کم ہے۔ یہ نہایت ہی اہم مسئلہ ہے۔ No doubt اس بارے میں legislation ہو گی لیکن میڈیکل سٹور کو پابند کرنے والے ذرائع کون سے ہیں؟ کس طریقے سے ہم میڈیکل سٹور والوں کو پابند کر سکتے ہیں، ہمیں کس طرح سے یہ معلوم کرنا ہو گا کہ ایک ڈاکٹر کسی ایک مریض کو ایک ہی وقت میں تین تین antibiotic دیتے ہیں۔ آپ نے social media میں دیکھا ہو گا کہ دس دس ہزار روپوں کی ادویات ایک غریب مریض کے ہاتھ میں تھما دیتے ہیں کہ آپ اسے تین ماہ تک کھا کر آئیں۔ آپ مجھے یہ بتائیں کہ دس ہزار روپوں میں سے کسی ایک دوائی کی قیمت اڑھائی سو سے تین سو روپے تک ہوتی ہے وہ اس مریض کے لیے کافی ہوتی ہے لیکن چونکہ ان کا اپنا میڈیکل سٹور ہوتا ہے، prescription اس لیے کرواتے ہیں کہ انہیں subsidy ملتی ہے، گاڑیاں ملتی ہیں اور ان کے باہر کے tour ہوتے ہیں اور اس سلسلے میں ریاست، وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتیں مکمل طور پر خاموش ہیں۔

جناب یہ نہایت ہی حساس مسئلہ ہے، اسے سنجیدگی سے لینا چاہیے۔ میں عتیق صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ اس طرح کا subject لے کر آئے ہیں اور اسے آپ اور خصوصاً Government side کے جتنے بھی لوگ ہیں وہ اس بارے میں Provincial heads کو بلوائیں اور meeting کریں، میڈیکل سٹورز کو پابند کیا جائے، ڈاکٹروں پر باقاعدہ چھاپے لگنے

چاہییں چاہے وہ specialist ہوں تاکہ وہ اس طرح کی malpractice سے refrain کر سکیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ڈاکٹر سکندر میندھرو صاحب۔

Senator Dr. Sikandar Mandhro

سینیٹر ڈاکٹر سکندر میندھرو: شکریہ، جناب چیئرمین! آج سے پانچ سال پہلے World Health Organization (WHO) نے پوری دنیا کے لیے ایک statement جاری کیا تھا، ان کے الفاظ یہ تھے کہ antibiotic overdose or overuse is the most greatest threat for the global health. پوری دنیا کی health situation وہ ان antibiotics کے overdose یا غلط استعمال سے بہت بڑے خطرے میں ہے۔

جناب چیئرمین! اس لیے خطرے میں ہے کیونکہ جب یہ antibiotic نہیں تھا اس وقت دنیا کے مریضوں کی صورت حال بہت مختلف تھی۔ World War-1 کی جو causalities ہوئی تھیں اس میں war causalities اور اس میں جو زخمی تھے ان کے infection causalities دیکھی ہوں تو آپ کو بہت حیرت ہو گی کہ تین مریضوں میں سے، تین causalities میں سے اگر دو causalities war کی وجہ سے ہوئی تھیں تو تیسری causality صرف infection کی وجہ سے ہوئی تھی۔ اگر کسی کو کوئی چھوٹی سی بھی injury ہو جاتی تھی اور اس میں infection ہو جاتی تھی تو اس کا کوئی علاج نہیں تھا۔ 1940 میں penicillin ایجاد ہوئی، پہلی antibiotic drug جو Sir Alexander Fleming نے ایجاد کی تھی اور جب وہ دنیا میں آئی تو ایک جادو کا اثر دکھانے لگی ایک ملک میں پہلے سال penicillin کی چالیس ہزار doses بنی تھیں اور اس کی اتنی demand بڑھ گئی کہ دوسرے سال 56 billion doses بنیں، ہر مرض کی وہی دوا تھی لیکن صرف دس سال کے بعد اس کے overuse and misuse سے اور بیکٹیریا میں بھی ایک قدرتی مدافعت کی طاقت ہوتی ہے کہ وہ اپنی resistance کو بڑھا دیتا ہے اور sensitivity کو reduce کر لیتے ہیں اس لیے 56 billion doses بنیں لیکن within ten years وہی penicillin بے

اثر ہونے لگی اور پھر 1950's میں methicillin آئی، پھر اس کے بعد vancomycin آئی۔ ہم آہستہ آہستہ اسے تبدیل کرتے رہتے ہیں کہ جو bacteria resistant ہو جاتے ہیں، جو لوگ overuse سے اپنی قوت مدافعت گنوا دیتے ہیں اس کے لیے کوئی نئی دوائی آ جائے۔ میں زیادہ نہیں بولوں گا کیونکہ میں بھی practicing doctor ہوں، میں نے 42 years practice کی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ابھی یہ antibiotics تیار بھی نہیں ہو رہے، ابھی جو میرے دوستوں نے بات کی کہ fourth generation drugs تیار ہو رہے ہیں لیکن اس کے research پر billions of dollars خرچ ہوتے ہیں کہ اگر کوئی bacteria کسی دوائی کو نہیں مانتا تو research کرتے ہیں کہ اس کے لیے کون سی دوائی ایجاد کی جائے۔ جب billions of dollars کے خرچ سے وہ دوائی ایجاد ہو کر بازار میں آتی ہے اس وقت تک وہی bacteria اس سے resistant ہو جاتے ہیں تو ان کی cost of research بھی پوری نہیں ہوتی تو اس لیے antibiotics بننا بند ہوتے جا رہے ہیں اس لیے World Health Organization نے کہا ہے کہ یہ greatest threat ہے جو کہ پورے glob کو involve کر سکتا ہے۔

جناب چیئرمین! ابھی تھوڑی دیر پہلے tuberculosis کی بات ہوئی تھی اور اس وقت میرا mike on نہیں ہو سکا، ابھی ایسی بیماریاں ہو گئی ہیں جو پہلے کہتے تھے کہ دنیا میں ختم ہو گئی ہیں۔ کسی دوست نے کہا تھا کہ tuberculosis پوری دنیا میں نہیں ہے لیکن ہمارے ہاں بڑھ رہی ہے۔ جناب، دنیا میں بھی tuberculosis بڑھ رہی ہے کیونکہ اس کے bacteria کا ابھی تک کوئی توڑ نہیں نکلا ہے اور اس کا basilar یعنی جراثیم multi dose resistant ہو گیا ہے۔ جناب والا! وہ اتنا خطرناک جراثیم ہے کہ جو لوگ اس پر research کر رہے ہیں وہ لوگ research کرتے ہی بیمار ہو جاتے ہیں۔ ابھی ان کے لیے ایک magnetic field بنانی پڑتی ہے کہ جس sputum میں، جس دوائی میں وہ bacteria ہے اس کو ایک magnet کی مدد سے ایسے قابو کیا جائے کہ وہ اس research کرنے والے کو نہ چھو سکے۔ جناب والا! یہ بہت important subject ہے اس وقت جب پوری دنیا خطرے میں ہے تو ہمارا پاکستان تو سب سے زیادہ خطرے میں ہے کیونکہ یہاں پر جیسے ذکر کیا گیا ہے stores پر کوئی control نہیں

ہے۔ یہاں پر ڈاکٹر صاحبان جو کہ رجسٹرڈ ڈاکٹرز ہیں، جنہوں نے medical science پڑھی ہوئی ہے، وہ اگر short cut کے لیے تین تین، چار چار دوائیاں لکھ دیتے ہیں تو ان پر بھی control ہونا چاہیے۔

جناب والا! سندھ میں Health Commission بنا ہے، اس کا کام ہی یہ ہے کہ آپ ڈاکٹروں کو بھی دیکھیں، ڈاکٹر جو prescribe کر رہے ہیں ان کو بھی دیکھیں، آپ یہ بھی دیکھیں کہ ان کی justification ہے بھی یا نہیں، medical stores پر control کریں public کو aware کریں، اس قسم کی چیزیں اگر نہیں ہوں گی اور اس کے بعد اگر کوئی اس قسم کی trespassing کرتا ہے، ان باتوں کو نہیں مانتا یا contravention میں آتا ہے تو اس کے لیے سخت penalties ہونی چاہییں ۔یہ کوئی provincial subject نہیں ہے، یہ جب global subject ہے تو ہمارا بھی national subject ہے۔ہم سب یہاں پر Federal Government میں ، Provincial Government میں اس قسم کی bodies بنانی چاہیے جو سب مل کر اس پوری بیماری کو، ہماری اس غلط طریقے کی medical practice جو چل رہی ہے یا ہمارے پاس جو manufacturing companies ہیں وہ ہمیں ورغلا کر اس قسم کی favours دیں کہ اس کو غلط استعمال کر رہے ہیں، جب تک ایک comprehensive approach نہیں ہوگی، national approach نہیں ہوگی اس وقت تک ہم اس پر control نہیں کر سکتے اور یہ بہت خطرناک چیز ہے اور ہمارے ملک میں واقعی ہم اندازہ کرکے کوئی figure دے دیں اس سے دس گناہ زیادہ نقصان ہو رہا ہے۔اور لوگوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ رہی ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ ڈاکٹر صاحب۔ڈاکٹر شہزاد وسیم صاحب۔

Senator Dr. Shahzad Wasim

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: شکریہ جناب چیئرمین۔ سب سے پہلے تو میں سینیٹر عتیق صاحب کو مبارکباد پیش کروں گا کہ ایک اہم عوامی issue کو انہوں نے یہاں پر اٹھایا۔ دوستوں نے اس پر بات کی۔ جناب! یہ حقیقت ہے کہ اس وقت جو میڈیکل کی دنیا ہے وہاں پر یہ سب سے important red flag raise ہو چکا ہے antibiotics کے حوالے سے کیونکہ جو excessive use

ہے antibiotics کا اس کی وجہ سے antimicrobial strains اتنی بڑھ گئی ہے specially developing countries میں جہاں پر ڈاکٹر دوائیاں لکھتے رہتے ہیں، مریض دوائیاں کھاتے رہتے ہیں مگر وہ صحت یاب نہیں ہو سکتے۔ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ وہ کیا وجوہات ہیں اور وہ کیا محرکات ہیں جس پر ہمیں قابو پانا ہے۔ کیونکہ یہاں پر ہم ایک legislative ایوان میں بیٹھے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں حل کی بھی یہاں پر بات کرنی چاہیے اور تجاویز دینی چاہییں۔ سب سے پہلا جو issue ہے وہ over the counter sale ہے۔ ہم سب travel کرتے ہیں آپ سب نے دنیا دیکھی ہے کہ مہذب دنیا میں بڑے سخت regulations ہیں کہ کون سی medicines over the counter sale ہو سکتی ہیں اور کون سی نہیں۔ یہاں پر کھلی آزادی ہے کہ آپ جائیں اور جو مرضی ہے جا کر کسی بھی chemist کی دکان سے لے لیں۔ وہ کیوں ہو رہا ہے ظاہر ہے جہاں پر اور باقی چیزیں ہیں جن پر effect ہوتا ہے اسی طرح غربت بھی ایک factor یہاں پر ہے لوگ غریب ہوتے ہیں، لوگوں کو awareness نہیں ہوتی ہے وہ یہ سوچتا ہے کہ میں نے ڈاکٹر کے پاس جانا ہے اور کیونکہ health facilities کا جو حال ہے وہ آپ کو پتا ہے private doctor کی fees بھروں گا وہ بھی دوائی لکھ کر دے گا تو بہتر ہے کہ میں جا کر pharmacist کے پاس جاؤں اور اس سے میں وہ دوائی لے لوں۔

دوسری بات، جو ڈاکٹرز حضرات private practice کر رہے ہیں specially جو general practitioners ہیں، وہ بھی ethical practice کی بجائے demand driven practice کر رہے ہیں یعنی کہ وہ مریض کی demand کو دیکھ کر کہ یہ جلد از جلد ٹھیک ہو اس کو دوائیوں کا پھکا دو تین چار antibiotics دو اور اپنی دکان چلاؤ۔ اس کے ساتھ ساتھ یہاں پر پہلے بھی اس کی بات ہوئی کہ جو pharmaceutical practices companies کی ہیں to allure these practitioners یعنی ان کو مختلف قسم کی ترغیبات دینا، ان کو cut ملتا ہے ان کے private visits ہوتے ہیں، ان کو اور بہت سی facilities دی جاتی ہیں تاکہ ان کی drugs کو زیادہ سے زیادہ prescribe کیا جائے تو یہ تیسرا ہے۔

(اس موقعہ پر ایوان میں ظہر کی اذان کی آواز سنائی دی گئی)

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: مگر جناب! جب ہم پالیسی کی بات کرتے ہیں تو ہمیں ایک balance بھی رکھنا ہے، access اور control کے درمیان۔ WHO کی ابھی جو drugs کی classification آئی ہے اس میں antibiotics کو بھی انہوں نے تین categories میں divide کیا ہے۔ A-Category وہ ہے جو which are easily accessible for common infections. B-Category وہ ہے جن میں you have to be watchful properly سارے precautions کے بعد you have to prescribe them جس میں 1st, 2nd generation safrosporin آتی ہیں اور C-Category وہ ہے کہ جن کو reserve category میں رکھا گیا ہے آپ نے ان کو use کرنا ہے extreme cases میں، life threatening میں جہاں پر بالکل drug resistant patient ہوں وہاں پر۔ Unfortunately یہاں پر کچھ دوستوں نے ذکر کیا health care commissions کا میرا point یہ ہے یہاں پر پالیسی سازی میں ہمارا جو زیادہ زور ہوتا ہے وہ ڈنڈے کا ہوتا ہے کہ اس کو seal کردو، اس پر چھاپہ مارو، اس کو چیک کرو مگر ہم scientific طریقے سے کام نہیں کرتے جس کی وجہ سے implementation کے problems آتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک میری معلومات ہیں ابھی تک ہمارے پاس کوئی data موجود نہیں ہے کہ کیا pattern ہے اس وقت drugs کی prescription کا۔ کس category کے ڈاکٹرز کس قسم کی prescriptions کر رہے ہیں، کس قسم کے مریض کیا لے رہے ہیں۔ دنیا میں اب ساری دنیا IT سے فائدہ اٹھا رہی ہے اور یہ کوئی rocket science نہیں ہے، یہ health management system ہے، prescriptions ان کے اوپر ہوتی ہیں وہ record ہوتی ہیں، وہ record کا حصہ بنتی ہیں، وہ data bases میں جاتی ہیں اور ان data bases کی evaluation سے آپ کی policy flow کرتی ہے generate کرتی ہے۔

آخری point جناب! اگر وہ نہیں ہو سکتا تو کم از کم ہمیں اتنا ضرور کرنا چاہیے کہ ان کو controlled drugs کی list میں لانا چاہیے جیسے opiate narcotics ہیں اس کے

ساتھ certain antibiotics کو club کرنا چاہیے اور جو dispensers جو pharmacists وہ drugs dispense کریں گے وہ اس کا باقاعدہ record رکھیں گے کہ کس ڈاکٹر نے prescribe کی ہے، کس بیماری کے لیے اور کس patient کے لیے اور آخری چیز dispensing کے حوالے سے ہے، میاں صاحب نے کہا میں تھوڑا سا اس میں اضافہ کرنا چاہوں گا ہر drug ایک جیسی نہیں ہوتی۔ ان کی dispensing بھی properly نہیں ہوتی۔ 45، 45، 50، 50 ڈگری میں counter کی shelves میں antibiotics پڑی ہوتی ہیں وہ کیا کام کریں گی۔ وہ کیا اثر کریں گی، کیا کام کریں گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو holistically دیکھنا چاہیے۔ صرف health care commissions جو ہیں unfortunately اس وقت صرف تھانیداری کا کام کر رہے ہیں وہ proper regulation کا کام نہیں کر رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: یہ مسئلہ بڑا اہم ہے لیکن چونکہ time کی shortage ہے تو میں چاہتا ہوں کہ منسٹر صاحب conclude کریں تمام لوگ بات کرنا چاہتے ہیں، وقت نہیں ہے اور میں نے تین، چار points of public importance بھی لینے ہیں۔ جی میڈم جلدی بات کرلیں۔

Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: شکریہ، جناب چیئرمین! ہم عتیق شیخ صاحب کو salute کرتے ہیں، یہ ڈاکٹروں کا کام تھا لیکن انہوں نے اس issue کو raise کیا، ان کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: میاں صاحب! آج آپ کو بلے بلے ہو رہی ہے۔ جی۔

Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani: Mr. Chairman, we know the problem, its misuse, its abuse, its excessive use,

ہمیں یہ problem پتا ہے۔ ہمیں یہ بھی پتا ہے کہ over the counter sale ہے۔ میں آج کل اسلام آباد میں رہتی ہوں، جب میں دوائی لینے جاتی ہوں تو over the counter لوگ آجاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ دو، وہ دو اور وہ جلدی جلدی sale کرتے جاتے ہیں، not the

cough syrup even antibiotic. میں کہتی ہوں کہ پاکستان میں زہر لینے بھی جائیں تو وہ بھی over the counter مفت ملے گا، یہاں اتنا misuse ہو رہا ہے۔

جناب والا! جیسے میرے colleague Dr. Sahib نے کہا، امریکہ میں میری ایک professor تھی، she had fallen and she had fracture in the leg, انہیں وہ pain killer بھی نہیں دے رہے تھے۔ I agree that doctors are part of it, میں اسے deny نہیں کرتی، ڈاکٹروں کو کاریں ملتی ہیں، انہیں پیسے ملتے ہیں لیکن having said that ان سے بڑا طبقہ جو hospital میں کام کرتا ہے، میں نے teaching hospital میں کام کیا ہے، میرا اردلی شام کو practice کرتا تھا، ہسپتالوں کے اردلی اور جمعدار شام کو practice کرتے ہیں تو ڈاکٹروں میں تو, no doubt یہ نہیں کہ میں ڈاکٹروں کو protect کر رہی ہوں۔ Media والے بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اس سلسلے میں please media awareness پیدا کریں۔ ہماری جو regulatory authority آتی ہے، جب میں Minister for Health تھی تو 2002 میں انہوں نے سب سے پہلے ڈاکٹروں کو پکڑا، خدا کے بندو! پہلے tracks کو پکڑیں، tracks کو تو کوئی touch ہی نہیں کرتا، یہ system بھی الٹا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین! میں ایک بہت ضروری بات کرنا چاہتی ہوں کہ موجودہ وزیر صاحب جب میں 2002 میں Minister تھی تو یہ rational use of drugs پر کام کرتے تھے، I think, Ateeq Sahib, we should call him to the Committee because انہوں نے rational use of drugs پر بہت research کی ہے۔ WHO کی researches ہوئی ہیں، minimum antibiotics تین use ہوتے ہیں، ان میں ایک tertiary, second and first line ہوتے ہیں، یہ three antibiotics ہیں، research کی ضرورت ہے، نہ کسی چیز کی ضرورت ہے۔ We know the problem لیکن ہمیں صرف solution کی طرف آنا ہے۔ میں آخر میں کہوں گی کہ اسلام آباد میں دو مہینے پہلے multi drugs resistance typhoid outbreak ہوا تھا، ابھی ایک مہینہ پہلے کراچی میں outbreak ہوا ہے۔ میرے ساتھی نے

tuberculosis کے بارے میں کہا، already multi drug resistance tuberculosis آچکی ہے،
so we have to take the action. Thank you.

جناب چیئرمین: شکریہ، میڈم۔ Minister for Parliamentary Affairs, conclude کریں۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: شکریہ، جناب چیئرمین! مجھے دکھ یہ ہو رہا ہے کہ اتنا important subject ہے جس پر بڑے بڑے ڈاکٹر شہزاد وسیم صاحب، ڈاکٹر جمالدینی صاحب، ڈاکٹر میندھرو صاحب، ڈاکٹر عتیق صاحب، ڈاکٹر روغانی صاحبہ بولے لیکن ڈاکٹر جاوید عباسی صاحب اس subject پر بولنا چاہتے تھے، یہ قیامت کی نشانی ہے۔

جناب چیئرمین: وہ اس ایوان کے معزز ممبر ہیں اور وہ بول سکتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب! آپ ایسی بات نہ کریں، آپ تشریف رکھیں۔ جی وزیر صاحب۔

Senator Muhammad Azam Khan Swati, Minister for Parliamentary Affairs

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب والا! یہ قیامت کی نشانی ہے۔ میرے بھائی میں نے lighter mood میں کہا ہے۔ جناب چیئرمین! بنیادی طور پر جتنے بھی ممبران ہیں اور خاص طور پر عتیق صاحب نے leading role ادا کیا ہے۔ میرے خیال میں انہوں نے ہماری نبض کو touch کیا ہے۔ یہ overwhelming problem ہے، اس وقت Special Assistant Dr. Mirza ہیں۔ سب سے بڑی یہ چیز کہ awareness کے ساتھ surveillance ہو، اس کے ساتھ سخت قسم کی penalty ہو۔ جناب والا! اس ملک کی بدقسمتی دیکھیں کہ 1996 میں اسی طرح کا ایک case ہوا، میں نے امریکہ سے آکر ایک ڈاکٹر کے خلاف مانسہرہ میں Law of Torts کے تحت case کیا، پورے ضلع کے سارے ڈاکٹروں نے مل کر ہسپتالوں کو بند کر دیا اور ہڑتال کر دی, and eventually I have to give him مجھے

معافی مانگنی پڑی، یہ صورت حال ہے۔ میرے خیال میں یہ ایکdaunting challenge ہے، ہم نے اسے بنیاد سے اکھاڑنا ہے، اس میں کوئی دوسری رائے نہیں ہے۔

جناب والا! آپ دنیا میں یا کسیthird world country میں چلے جائیں سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ prescription کے بغیر، اس کے اپنے گھر کا کوئی,kinاس کیspouse ہے، اس کے بیٹے یا بیٹیاں وہ دوانہیں لے سکتیں لیکن یہاں تمام ڈاکٹر صاحبان نے کہا ہے کہ جس کی مرضی ہے وہ جا کر جس مقدار میں چاہے لے سکتا ہے۔ یہ problem بڑی سنگین حد تک پہنچ چکی ہے اور جس طرح ڈاکٹر میندھرو نے کہا کہ this is one of the biggest threat to human life,انہوں نے بالکل صحیح کہا ہے۔

جناب والا! ہم نے اس سلسلے میں National Action Plan for Antibiotic Resistance 2017 کو introduce کروایا، اس کے بھی پانچ مختلفsectors جو کام کر رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ناکافی ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ legislation, سخت سے سختpenalty, surveillance اور اس میں تمام صوبے مل کر اس برائی سے ہماری جان چھڑائیں۔

جناب چیئرمین: آپ حکومت ہیں، آپ کریں نا۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب چیئرمین! میں یہی کہہ رہا ہوں کہ ہم کر رہے ہیں، اب وقت نہیں ہے کہ میں بتاؤں۔ اس دوران خاص طور پر اسلام آباد کی حد تک کتنے مفید کام کیے گئے ہیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ کرنے جا رہے ہیں۔ ہماری حکومت NIH کی funding کے لیے ایک PC-I لے کر جائے گی اور میں ان شاءاللہ Special Assistant Sahib کو کہوں گا کہ اس PC-I کو فوری طور پر منظور کیا جائے۔ اسلام آباد میں جتنی بھی drug manufacturing ہو رہی ہے کیونکہ دوسرے علاقے ہماری jurisdiction میں نہیں آتے لیکن اسلام آباد میں جو 823 sale establishments پر بھی، manufacturing پر بھی ان شاءاللہ ہم کڑی نظر رکھیں گے۔ ہم اس سے aware ہیں، یہ human health کے لیے تباہی ہے میں جس کو on the floor of the House مان رہا ہوں کہ اگر آج تک اس پر کام نہیں ہوا تو یہ

ہماری بد قسمتی ہے۔ ہم ان شاءاللہ war footing پر اسے قابو کرنے اور کم کرنے کی کوشش کریں گے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Discussion is over. Mushahid Ullah Khan Sahib, on point of public importance.

Point of Public Importance raised by Senator Mushahid Ullah Khan regarding the sit in of the employees of the State Life Insurance Corporation for their demands

سینیٹر مشاہد اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! جمعے کا چونکہ وقت ہے، میں انتہائی اختصار کے ساتھ ایک اہم مسئلہ پیش کرنا چاہتا ہوں۔ شاید آپ کے علم میں یہ بات لائی گئی ہو یا اخبارات میں آپ نے پڑھا ہو کہ State Life Insurance کے ملازمین فروری کے مہینے سے Press Club کے باہر بیٹھے رہے ہیں، یہ اپنے مطالبات کے لیے بڑے سخت موسم میں بھی بیٹھے رہے۔ ان کی ایک بہت بڑی تعداد کو بے روزگار کر دیا گیا ہے، ان کے cadre کو ختم کر دیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کی اس پر بات چیت ہوئی ہے، اس کی جو روداد اخبارات میں آئی ہے، اس کے مطابق انہوں نے اس پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے اور کہا کہ سیکرٹری یونس ڈھاگا نے جھوٹ بولا ہے، ان کا نام تھا اور ایک conflict کی position ہو گئی ہے۔ یہ مسئلہ اتنا بڑا ہے کہ صرف قائمہ کمیٹی میں جائے اور اس پر سیکرٹری کا جواب آنے کے بعد اس کو hush up کر دیا جائے، اس سے مسئلہ تو حل نہیں ہوتا، وہ لوگ تو آج بھی D-Chowk میں بیٹھے ہوئے ہیں اور اپنے مطالبات کے لیے روزانہ مظاہرے کر رہے ہیں، اسمبلی میں بھی پھرتے رہتے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس پر ہمدردانہ غور کرنا چاہیے، حکومت کو بھی کرنا چاہیے، پارلیمنٹ اور specially Senate کو اس پر اپنا کوئی role ادا کرنا چاہیے۔ میں نے دیکھا ہے کہ آپ بھی اس طرح کی چیزوں پر ہمدردی رکھتے ہیں، اس لیے میں چاہتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ اس معاملے کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی میں بھیجا جائے، جو conflict ہوا ہے اور اخبارات میں بھی آیا ہے، پہلے اس conflict کو resolve کریں، ان کی کوئی مدد کرنے کے لیے میں چاہتا ہوں کہ پہلے اسے Senate Standing Committee on Law کو بھیجا جائے تاکہ وہ اس کا جائزہ لے کہ جو conflict ہے، اس میں کون ٹھیک کہہ رہا ہے اور کون غلط کہہ رہا ہے، ایک بات۔

دوسری بات یہ ہے کہ آپ کس طرح ان کی مدد کر سکتے ہیں کیونکہ ان کا یہ کہنا ہے کہ انہیں تو تنخواہ ہی نہیں ملتی، ان کا cadre ختم کیا گیا ہے اور وہ صرف commission پر کام کرتے ہیں۔

نمبر 3 اہم ترین بات یہ ہے کہ یہ میرے خیال میں Ministry of Commerce کے under آتا ہے اور Commerce کے جو وزیر صاحب ہیں وہ آگے ہی 300 million کا ایک ٹھیکہ لے چکے ہیں اور یہ جو ادارہ ہے یہ پاکستان کا مہنگا ترین ادارہ ہے اس لیے اس پر ہمیں خاص توجہ کرنی چاہیے کہ کہیں اس کے پیچھے کل کو کوئی اور کہانی نہ نکل آئے۔ پورے ملک کی سب سے زیادہ جائداد بشمول اسلام آباد اور بلیو ایریا، اس ادارے کے پاس ہے، کراچی بھرا پڑا ہے، دبئی میں ان کے پاس جائدادیں ہیں۔ دو یا ڈھائی لاکھ افراد ان سے منسلک ہیں جن میں سے کچھ تنخواہیں لیتے ہیں اور کچھ نہیں لیتے، میں یہ کہتا ہوں کہ یہ جتنا اہم ادارہ ہے اتنی ہی اہمیت اس کو دینی چاہیے، اس پر توجہ دینی چاہیے۔ ان کے ملازمین میں سے کسی کو بے روزگار نہیں ہونا چاہیے، اگر وہ تنخواہ نہیں لے رہے تو کس لیے انہیں بے روزگار کیا ہوا ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اسے Law Committee کو دیا جائے تاکہ وہ اسے سمجھیں اور دونوں پارٹیوں کو بلائیں اور یہ بھی دیکھیں کہ ان کی کیسے مدد کی جا سکتی ہے اور پھر اس کے بعد اگر یہ کسی اور کمیٹی کو جاتا ہے تو جائے۔

Mr. Chairman: Matter referred to the Standing Committee on Law.

Senator Mushahid Ullah Khan: Thank you.

Mr. Chairman: Senator Kalsoom Perveen.

Point Of Public Importance raised by Senator Kalsoom Perveen regarding fate of rain affected areas in Balochistan and problems being faced by people in seeking admissions in schools

سینیٹر کلثوم پروین: جناب چیئرمین! شکریہ۔ کیونکہ جمعہ کا وقت ہے اور میرے پاس تھوڑا سا وقت ہے۔ ایک تو میں آپ کی توجہ بارشوں کی وجہ سے بلوچستان میں آنے والے flood کی طرف دلاؤں گی جس سے فصلیں تقریباً تباہ ہو چکی ہیں۔ وہاں ویسے ہی تباہ حالی تھی۔ اس پر میں یہ چاہوں گی کہ خاص کر Leader of the House کو آپ اعتماد میں لے کر، ٹیکس میں ان لوگوں کے

ساتھ خاص concession کیا جائے اور انہیں relaxation دی جائے کیونکہ لوگ بہت بے روزگار ہو رہے ہیں۔ رمضان آرہا ہے اور لوگوں کے پاس کوئی روزگار نہیں ہے اور فصلیں بھی تباہ ہو گئی ہیں۔ دوسرا یہاں education کے سلسلے میں ہے کہ بچوں کو سرکاری سکولوں میں داخلہ نہیں مل رہا۔ آج صبح میں خود گئی ہوں no doubt Director and DG بہت اچھی شخصیت کے تھے لیکن جو ماتحت لوگ تھے میں نے انہیں کہا کہ کیا یہ ISI کا دفتر ہے جہاں آپ مجھے نہیں جانے دے رہے۔ میں نے کہا کہ مجھے بس چار بچوں کے نام داخلے کے لیے دینے ہیں، ڈائریکٹر صاحب نے میرا مسئلہ تو حل کر دیا لیکن باہر کسی میں طاقت نہیں ہے کہ وہ اندر جاسکے۔ آپ یہاں Minister for Education کو بلائیں۔ بچے باہر ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ انہیں داخلہ دیں، اس میں کیا rocket science ہے جو کہ حل نہیں ہو رہی۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ میں یہ چاہتی ہوں کہ آپ اس کو بھی take up کریں اور بلوچستان کے مسئلے کو بھی دیکھیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر جنرل (ر) عبدالقیوم صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Lt. Gen. HI(M) Retd. Abdul Qayyum regarding construction of firing range in precincts of American Embassy in Islamabad

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل ایچ آئی (ایم) ریٹائرڈ عبد القیوم: جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ American Embassy کی website پر دلانا چاہتا ہوں جس میں American Consulate General, Frankfurt (Germany) سے pre-solicitation notice issue ہوا ہے جس کا موضوع "Design and Construction of Firing Range in the diplomatic enclave, Islamabad" ہے۔ میں جب اس کی detail میں گیا اور کچھ صحافیوں نے مجھ سے بات کی کہ ہم نے ایمبیسی سے پوچھا تو انہوں نے کہا yes ہم یہ بنا رہے ہیں کیونکہ پولیس نے ہمیں request کی ہے اور یہ ہمارے compound میں تو نہیں ہو گی لیکن ہم اس کے اوپر کوئی ایک لاکھ سے دو لاکھ ڈالر خرچ کریں گے اور بنائیں گے۔ میرے خیال میں یہ Interior Committee کو بھیجا جائے۔

Mr. Chairman: Referred to the Standing Committee on Interior. Senator Akram.

Point of Public Importance raised by Senator Muhammad Akram regarding destruction caused by locust attack in Balochistan

سینیٹر محمد اکرم: چیئرمین صاحب! بلوچستان میں سیلاب نے ضلع گوادر اور تربت میں تباہی مچادی ہے اور فصلوں پر ایک اور حملہ ہے وہ ہے ٹڈی دل کا۔ یہ میں نے اپنے بچپن میں بھی سنا تھا کہ جب اس وقت اس پر سپرے وغیرہ کیا گیا اور ختم کیا گیا۔ یہ بہت بڑی حملہ آور چیز ہے جس نے ضلع گوادر اور تربت میں فصلوں کو تباہ کر دیا ہے اور ختم کر دیا ہے۔ ہم شاید اس کے نقصانات کو نہیں سمجھتے لیکن جو چھوٹا زمیندار ہے وہ بہت پریشان ہے اور تیسرا مہینہ جارہا ہے کہ ان کے کنٹرول میں کچھ نہیں آرہا۔ میں وہاں خود بھی گیا اور یہ سب دیکھا۔ پہلے اس کے لیے جہازوں سے سپرے کیا جاتا تھا اب یہ حملہ اور اس کی تباہی بڑھتی جارہی ہے۔ پورے تربت اور باقی ڈسٹرکٹ میں جو بھی فصلیں وغیرہ لگتی ہیں یہ اس سب کو ختم کر رہی ہے اور اس وجہ سے لوگ بہت پریشان ہیں۔ فیڈرل اور بلوچستان میں موجود agriculture department کی طرف سے پوری طرح اس کی سرکوبی نہیں کی گئی، اس کو نہیں روکا گیا۔ وہاں کے زمیندار سیلاب زدہ ہیں اور اس پر مزید ٹڈی دل کا حملہ بھی ہے، بہت خطرناک صورت حال ہے جسے مہربانی فرما کر توجہ کی ضرورت ہے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عتیق شیخ صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh regarding inhuman treatment given to our fishermen by Indian Government

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: بہت شکریہ جناب! میں کراچی کے حوالے سے ایک بات ہاؤس میں لانا چاہتا ہوں کہ انڈیا کے ماہی گیر اگر کراچی میں پکڑے جاتے ہیں تو انہیں بڑی عزت کے ساتھ جیسا کہ ہم نے پچھلے دنوں میں دیکھا بھی کہ کس طرح easily انہیں transfer کیا انہیں کھانا اور کپڑے بھی ملے لیکن معذرت کے ساتھ ہمارے ماہی گیر اگر غلطی سے Indian ocean میں چلے جاتے ہیں تو ان کے ساتھ بہت ہی برا سلوک کیا جاتا ہے اور بالخصوص مودی سرکار کی گورنمنٹ میں جو انڈیا میں نئی wave آئی ہے جیسے حال ہی میں ایک شخص کو جیل میں مار دیا گیا جو بے چارا

ایسے ہی تھا جیسا کہ ان کے fishermen یہاں ہوتے ہیں۔ میری یہ گزارش ہو گی کہ Foreign Minister اور Interior Minister, specifically اس issue پر ان کے Ambassador کو بلائیں اور بات کریں اور اگر human rights کے international forum پر بات ہو سکتی ہے یا United Nations کے forum پر بات ہو سکتی ہے تو کرنی چاہیے کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ foreign relationships برابری کی بنیاد پر ہوتی ہیں۔ ہم تو اتنا اچھا سلوک کرتے ہیں کہ اگر کوئی پکڑا جائے تو کپڑے اور ٹرین کا کرایہ بھی دے کر بھیجتے ہیں اور اگر ہمارے لوگ پکڑے جائیں تو انہیں مار دیا جاتا ہے اور موجودہ رپورٹ کے مطابق سو سے زیادہ لوگ ابھی بھی وہاں پر بدحالی کا شکار ہیں، میری گزارش ہو گی کہ ان کے لیے کچھ کیا جائے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر جہانزیب جمالدینی صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini regarding fate of overage contract employees of Mirani Dam

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: شکریہ جناب چیئرمین! میں بس اتنی سی بات کہوں گا کہ واپڈا کے 47 ملازمین میرانی ڈیم کے لیے کام کرتے تھے جوں ہی میرانی ڈیم مکمل ہوا واپڈا والے انہیں overage کرنے کے بعد کہتے ہیں کہ آپ فارغ ہیں۔ اب یہ ایک ریت بنی ہوئی ہے کہ contract پر انہیں utilize کیا جائے اور پھر کچھ عرصے کے بعد انہیں فارغ کر دیا جائے۔ اب subject یہ ہے کہ یا تو آپ انہیں نہ رکھیں یا ان کی age limit زیادہ کروادیں تاکہ وہ کسی اور محکمے میں کام کر سکیں۔ اگر آپ اسے Standing Committee میں بھجوادیں۔

جناب چیئرمین: اس پر واپڈا سے رپورٹ لے لیں۔ سینیٹر اورنگزیب صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Aurangzeb Khan regarding problems faced by pensioners in Balochistan

سینیٹر اورنگزیب خان: جناب چیئرمین! ایک بڑا important عوامی اہمیت کا مسئلہ ہے اور میں نے پہلے بھی اسی ایوان میں یہ مسئلہ اٹھایا تھا لیکن بدقسمتی سے ابھی تک اس پر عمل درآمد

نہیں ہو سکا۔آپ جانتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ اورکزئی اور اورب میں جو لیوی کا اہل کار ہے اور اس کی پنشن ہو چکی ہے اور جب ساٹھ سال کی عمر میں وہ پنشنر بنا تو اس سے کٹوتی بھی ہوئی اور آپ نے اس پر SAFRON سے رپورٹ بھی مانگی اور وہ آئی اور معاملے کو finalize کیا گیا لیکن آج دن تک Finance Ministry نے اس پر کوئی کام نہیں کیا اور آج بھی وہ ساٹھ سالہ لوگ احتجاج پر ہیں۔آپ مہربانی فرما کر اس معاملے کو دیکھ لیں۔

جناب چیئرمین: یہ Implementation Committee کو بھیج دیتے ہیں۔ کوئی اور ہے۔ سینیٹر منظور صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Manzoor Ahmed Kakar regarding charge of holidays fee by private educational institutions

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: شکریہ جناب چیئرمین! جیسا کہ سینیٹر کلثوم پروین صاحبہ نے admissions کے حوالے سے بات کی ہے اس حوالے سے ایک مسئلہ اور بھی ہے کہ جو summer vacation دی جاتی ہیں ان دو تین مہینے کی چھٹیوں کی فیسیں بھی والدین کو دینا پڑتی ہیں۔ یہ سپریم کورٹ کا آرڈر تھا کہ summer vacation کی چھٹیوں کی فیس نہیں لی جائے گی مگر جو private schools ہیں وہاں پر ابھی بھی fees لی جا رہی ہیں۔ایک ملازم پیشہ انسان اگر دو یا تین ماہ کی فیس جمع کروائے تو وہ ڈیڑھ لاکھ روپے بنتے ہیں جو کہ سپریم کورٹ کے آرڈرز کے برعکس ہے اور اس پر کوئی implementation نہیں ہو سکی۔

جناب چیئرمین: Implementation Committee کو بھیج دیا۔

The House stands adjourned to meet again on Monday, the 29th April, 2019, at 3:00 pm.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 29th April, 2019 at 3:00 pm]

Index

Dr. Fehmida Mirza 27, 38, 50
Mr. Murad Saeed 2, 31, 32, 46, 47, 52, 70
Mr. Shafqat Mahmood 10, 30, 36, 43, 60, 62, 75
Sahibzada Muhammad Mahboob Sultan 29, 44, 53, 54
Senator Abdul Rehman Malik 71
Senator Bahramand Khan Tangi 2, 9, 19
Senator Chaudhary Tanvir Khan 50
Senator Engr. Rukhsana Zuberi 23
Senator Ghous Muhammad Khan Niazi 58
Senator Kalsoom Perveen 39, 40, 52
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh 37, 42, 43, 95
Senator Mian Raza Rabbani 79, 85, 92
Senator Moula Bux Chandio 29
Senator Muhammad Azam Khan Swati 24
Senator Muhammad Talha Mahmood 45, 47
Senator Muhammad Usman Khan Kakar 30, 32, 36, 78
Senator Mushtaq Ahmed 69
Senator Najma Hameed 27
Senator Quratulain Marri 64
Senator Rahila Magsi 48, 53, 54
Senator Rana Mahmood Ul Hassan 25, 38
Senator Samina Saeed 55, 57
Senator Seemee Ezdi 28, 44
Senator Sirajul Haq 60
Senator Syed Muhammad Ali Shah Jamot 60, 62, 68
Senator Syed Muhammad Sabir Shah 75
جناب علی محمد خان 17, 18, 19, 37
جناب مراد سعید 3, 4, 5, 6, 8, 9, 31, 32, 33, 35
سینیٹر انجینیئر رخسانہ زبیری 18
سینیٹر اورنگزیب خان 113
سینیٹر بہرہ مند خان تنگی 3, 4, 5, 17, 22
سینیٹر بیگم نجمہ حمید 28
سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی 105
سینیٹر ثمینہ سعید 56, 58
سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی 6, 24, 59, 98
سینیٹر ڈاکٹر سکندر میندھرو 100
سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم 102, 104
سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی 113

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق 9
سینیٹر سسی پلیجو 7, 8
سینیٹر سید شبلی فراز 79, 93
سینیٹر سید محمد صابر شاہ 77
سینیٹر عبدالرحمٰن ملک 73
سینیٹر غوث محمد خان نیازی 56, 59, 60
سینیٹر کلثوم پروین 110
سینیٹر محمد اعظم خان سواتی 22, 24, 56, 59, 73, 74, 83, 85, 107, 108
سینیٹر محمد اکرم 35, 112
سینیٹر محمد جاوید عباسی 93
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 18, 31, 32, 36, 78
سینیٹر مشاہداللہ خان 109
سینیٹر منظور احمد کاکڑ 114
سینیٹر میاں رضا ربانی 78, 79, 80, 85
سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ 37, 44, 94, 95, 97, 112
سینیٹر نعمان وزیر خٹک 33
سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ر) (ایچ آئی) عبدالقیوم 111